رسید تحائف احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں سرفہرست ایک مدنی تحفہ ہے جو عارف باللہ ناصح الامۃ علامہ عبدالغنی بن اسماعیل نابلسی رحمۃ اللہ علیہ کی شہرہ آفاق کتاب الحدیقۃ الندیۃ شرح الطریقۃ المحمدیۃ کا اردو ترجمہ (جلد اول) ہے۔حضرت شیخ عبدالغنی نابلسی رحمۃ اللہ علیہ گیارہویں صدی ہجری کے ایک معروف حنفی عالم گزرے ہیں ۔مشربا قادری اور نقشبندی تھے۔شام (دمشق) میں پیدا ہوئے اور شام ہی میں آپ کا انتقال ہوا۔متعدد علمی اسفار پیش آئے۔استانبول، بقاع، لبنان، الخلیل، بیت المقدس، مصراور حرمین شریفین کے سفر قابل ذکر ہیں۔اڑھائی سو کتابوں کے مصنف اور حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی کے افکار کے مؤیدین میں سے ہیں۔آپ کی کتاب شرح طریقہ محمدیہ کا اردو ترجمہ وعظ وتذکیر کا کام کرنے والوں کے لئے بے حد مفید ہے۔اس کتاب میں چونکہ اصلاح اعمال کی کوشش کی گئی ہے اس لئے مترجمین نے اس کا نام بھی اردو میں ہی تجویز کیا ہے۔۸۶۸ صفحات پر مشتمل اس بڑی سائز کی کتاب کی قیمت ....روپے ہے.....اور یہ مدنی مکتبات کے علاوہ شہر کے تمام بڑے بکسٹالز پر دستیاب ہے۔مجلس مدینۃ علمیہ کراچی کی دیگر متعدد کتب کی طرح اس کتاب پر بھی مترجمین نے ترجمہ وحاشیہ آرائی میں خاصی محنت کی ہے اور کتاب کو آسان تر بنانے کے لئے خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔

دوسرا علمی تحفہ قاری کرم داد صاحب کی کتاب ....کتاب الاذان ....کا ہے۔یہ کتاب جو اول تا آخر اذان ۔۔ [illegible] پر ہے اس میں اذان کے فضائل ومسائل کے علاوہ اذان کے حوالہ سے بہت سی تاریخی باتیں بھی آ گئی ہیں۔۲۹۴ صفحات پر مشتمل یہ کتاب لاہور سے شائع ہوئی ہے اور اس کا ناشر جناب قاری ملک کرم داد صاحب ہیں کتاب کے شروع میں حضرت علامہ محمد منشا تابش قصوری اور

حضرت علامہ حافظ عبدالستار صاحب سعیدی کی تقاریظ ہیں۔اذان کے مسائل کے سلسلہ میں اردو میں شاید ایسی جامع کتاب اور کوئی نہ ہو(واللہ اعلم بالصواب) کتاب کا ہدیہ ۲۶۰ روپے ہے اور ملنے کا پتا: دارالفلاح ٹرسٹ جامع مسجد بلال عقب غلام محمد بلڈنگ گلشن حیات نزد شاہدرہ موڑ لاہور ہے۔فرید بکسٹال اور اردو بازار لاہور کے دیگر مکتبات سے کتاب طلب کی جاسکتی ہے۔

مکتبۃ المدینہ اور مجلس المدینہ العلمیہ کراچی کی جانب سے تین اور کتابوں کا تحفہ بھی موصول ہوا ہے۔ ان میں سے ایک تو حضرت شیخ الاسلام امام عبداللہ بن علوی حداد حضرمی شافعی (م۱۱۳۲ھ) رحمۃ اللہ علیہ کے ایک رسالہ، **رسالۃ المذاکرۃ مع الاخوان المحبین من اھل الخیر والدین** کا اردو ترجمہ ہے۔جس کا نام اچھے برے عمل...... رکھا گیا ہے۔یہ ۱۲۵ صفحات پر مشتمل ہے اور اسے مدنی علماء کی جماعت نے ترجمہ کیا ہے۔قیمت درج نہیں۔

دوسری کتاب کا عنوان ہے.......... شکر کے فضائل...... اور یہ بھی ایک عربی رسالہ کا ترجمہ ہے جو امام ابوبکر عبداللہ بن محمد قرشی المعروف بہ امام ابن ابی الدنیا (م ۲۸۱ھ) کا لکھا ہوا ہے۔اس رسالہ کا اصل نام الشکر للہ ہے۔یہ بھی ۱۲۵ صفحات پر مشتمل ہے۔

تیسری کتاب ......قبر میں آنے والا دوست...... نامی ہے۔جس کے ٹائٹل پر ایک ایسی بستی کی تصویر ہے جہاں عوام وخواص میں سے کوئی بھی خوش دلی سے جاکر بسنے کو تیار نہیں اگرچہ اس بستی میں کتنے ہی خوبصورت مکانات اور کتنی ہی عمدہ رہائش گاہیں کیوں نہ ہوں۔کتاب ۱۱۵ صفحات پر مشتمل ہے اور مکتبات مدینہ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

عقیدة ختم النبوة

تیرھویں جلد شائع ہوگئی............

ملنے کا پتا : زاویہ پبلشرز

6۔ مرکز الاویس دربار مارکیٹ لاہور

☆ تخصیص العام بالنیة مقبولة دیانة لا قضاء ☆